سوال

مقتدی کو سورہ فاتحہ ہر حال میں پڑھنی چاہیے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مقتدی کو نماز میں کیا کرنا چاہیے۔ کیا وہ امام کے ساتھ ساتھ پڑھتا جائے یا اسے امام کی قراءت سننی چاہیے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز خواہ سری ہو یا جہری مقتدی کےلئے سورۃ فاتحہ کو ہر حال میں پڑھنا ضروری ہے۔ نماز جہری ہو تو فاتحہ کے علاوہ امام کی باقی قراءت کو سننا چاہیے سورہ فاتحہ کے علاوہ اس حال میں کچھ اور پڑھنا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سے صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کو اپنے پیچھے پڑھتے ہوئے سنا تو فرمایا :

((لا تفعلوا الا بفاتحة الکتاب ٗفانہ لا صلوۃ لمن لم یقرابہا))

(مسند احمد ٗسنن ابی داوَد ٗابن حبان، اس کی سند حسن ہے)

''سورہ فاتحہ کے سوا اور کچھ نہ پڑھو کیونکہ جو شخص سورہ فاتحہ نہیں پڑھتا اس کی نماز نہیں ہوتی۔''

مقتدی تنہا نماز پڑھنے والے سے مختلف فیہ ہے کیونکہ امام جب (سمع اللہ لمن حمدہ) کہتا ہے تو مقتدی ((ربنا ولک الحمد)) کہتا ہے کہ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ :

اِنما جعل الاِمام لیؤتم بہ فلا تختلفوا علیہ، فاِذا رکع فارکعوا، واِذا قال سمع اللہ لمن حمدہ. فقولوا ربنا لک الحمد. واِذا سجد فاسجدوا، واِذا صلی جالسا فصلوا جلوسا أجمعون، (صحیح بخاری حدیث نمبر 722)

''امام اس لیے ہوتا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے، اس لیے تم اس سے اختلاف نہ کرو۔ جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم ربنا لک الحمد کہو اور جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو۔ اور جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم سب بھی بیٹھ کر پڑھو۔''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

ج1ص382

محدث فتویٰ